# مُنحمنّا

عبدالعزیز خالد

ظ ۱۲ محمد بلڈنگ
بندر روڈ کراچی
ب
ٹیلیفون ۲۳۶۱۰۹
۲۲۰۲۷۷

طالب دعا ابو المیزاب محمد اویس

# مَنَّجْمَنَا

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

بسمہ تعالیٰ

نَحمدُ و نُصلّی علیٰ رسولہِ الکریم

یا صاحِبَ الجمالِ وَ یا سیّدَ البشَر!

مِنْ وَجْھِکَ المُنیرِ لَقَدْ نَوَّرَ القَمر

لا یُمکِنُ الثّناءُ کمَا کانَ حَقُّہٗ

بعد از خدا بزرگ تُوئی قصّہ مختصر!

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

# مَنْحَمَنَّا

عبدالعزیز خالد

بک لینڈ
۱۲ محمد بلڈنگ
بندر روڈ، کراچی ۱
ٹیلیفون ۲۳۶۱۰۹
۲۲۰۲۷۷

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

جملہ حقوق بحقِ مصنّف محفوظ

طبعِ اوّل ــــــــــ جمادی الاخرےٰ ۱۳۸۶ھ
اکتوبر ۱۹۶۶ء

طابع ــــــــــ لبرٹی پرنٹرز کراچی

ناشر ــــــــــ بُک لینڈ کراچی

بہ اہتمام ــــــــــ شیخ محمد حسین

قیمت ۲/۵۰ روپے

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

منعمنا

ع

ہے یہ منجملۂ اسمائے رسولِ مقبول

ارشاد، کے نام

طالب دعا ابو المیزاب محمد اویس

# بابِ اوّل

مطاعِ آدم و انجم ، متاعِ لوح و قلم
محمّد امیِ محبوبِ کبریا ، صلعم

محمّد انجمنِ کُن فکاں کا صدر نشیں
محمّد افسرِ آفاق و سرورِ عالم

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

وہ عَبْدُہٗ وَ رَسُولُہٗ، وہ اِسْمُہٗ اَحمد
کِتاب و حُکم و نبُوّت کا خاتِم و خاتَم

حَمُود و حامِد و احمد، مُحَمَّد و مَحمُود
کریم و میرِ کِرام و مُکَرَّم و اَکرم

وہ لاَیَمُوت سِراجِ سُبُل، اِمامِ رُسُل
امیرِ قافِلہٴ سخت کوشِ اہلِ ہِمَم

ہے جس کا وصف و بیَان ۔ کانَ خُلُقُہٗ القُرآن
جو ہر جِہت سے ہے فَخِم و مُفَخَّم و اَفخَم

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

جمیل و اَجمل و کامِل، مُکمّل و اکمل
ستم زدہ بشریّت کا مُحسنِ اعظم

خُدائے لَم یَزل و لا یزال کا کلمہ
نشیدِ سِلم و سلام و صلاۃ و حمد و حِکَم

ترانۂ مَلکُوتی، غِنائے لاہُوتی
نوائے پاکِ قُنوتی، کہ جس میں زیر نہ بم

نثار نغمۂ داؤد و لحنِ باربدی
ہیں حرفِ سادہ پہ قرباں، سماع و صوت و نغم

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

زُباں سے نکلے نہ غیرِ فصیح لفظ کوئی
مُقِر ہیں اہلِ مَقال و مَعارِف و مُعجَم

بہشتِ سامعہ ترجیعِ قِرأت و تقریر
سخن میں زمزمۂ موجِ کوثر و زَمزَم

اَحد نے بخشی ہے مَا یَنطِقُ کی جس کو سند
جو نکتہ سنج ہے رمز آشنائے کیف و کَم

وہ خُوش بیاں کہ کلمانی، خطیبِ قُرآنی
بہ ہر فضیلت و مَکرُم ہے مِفضَل و مُکرَم

طالب دعا ابو المیزاب محمد اویس

بساطِ حَیّزِ اِمکاں ہے فرشِ پا انداز
شفق شَمائِل و گُل طلعت و بہار شِیَم

ہے وہ آفُق بہ آفُق وَالسَّماءِ وَالطّارِق
اسی کے جلوے کی شِقّ، حُسنِ مُشفِقِ عالَم

طلیعۂ سَحر و ماہِ بے محاق و کَلَف
ہے آب و تابِ تباشیرِ رُخ، بیاضِ کرم

جبیں ہے سینے کے انوار سے فروغانی
ہے فطرتاً مُتَبَسِّم وہ باسِمُ المُبتسم

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

شمیمِ خُلدِ بریں، کاکُلِ مُجَعَّد میں
سَحابِ رحمتِ رحمان، زُلفِ غالیہ شم

مئے طَہُور سے سرشار پرُخمار آنکھیں
ہے ماورائے بیاں جن کے کیف کا عالم

طبیعتِ مُتوازِن سے باغِ دل کی ہوا
بہار ہو کہ خِزاں معتدِل بَہر موسم

خوش اختلاط، مِلنسار، مُستقیم مزاج
ہے جس کی غاشیہ بردار نکہتِ یاسم

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

سفر میں جس کو شجر جُھک کے سایہ کرتے ہیں
وہ "والضّحیٰ" رُخ و ریحان نفس، نسیم نسَم

ہیں جس کے شیفتہ دلدادگانِ حسن و جمال
عفاف و عدل و شہامت ہیں جس کے خیل و خدَم

وہ جس کے طلعتِ تاباں سے روشنی لے کر
ہے نُور بخشِ سحَر، لیلِ مُظلِم و آقتَم

وہ جس کا بیضوی چہرہ ہے چاند کا ٹکڑا
وجیہ و خُوشدل و بیدار مغز و تازہ دَم

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

جو دیکھے زلفِ چلیپا و عارضِ زیبا
پُکارے: نُور عَلیٰ نُور ہے خم اندر خم

بہارِ گلشنِ ایجاد و حسنِ ہفت رُواق
گُلِ سرِ سَبَدِ دُودۂ بنی آدَم

وہی ہے جانِ جہاں، تاجدارِ محبوباں
دلوں کا قائد و قُمقام و پاسبان و مِنَم

اِمامِ سُبحۂ خاصان و ویژگانِ خُدا
نہیں ہے جس کا کوئی قول و فعل غیر اَہم

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

زباں پہ لفظِ دُر آتا ہے جس کے نام کے بعد
ہے جس کا نقشِ قدم مَخزنِ دُر و دِرہَم

اسی کو صاحبِ خُلقِ عظیم کہتے ہیں
وہی ہے نوعِ بشر کا مُعَلّمِ اعظم

یتیمِ وادیِ بطحا ہُوا عزیزِ جہاں
عرب کی شمع بنی مِہرِ نیمروزِ عجم

نسیمِ نجد میں ہے راح و رَوحِ خُلدِ جناں
نَشاطِ ہر دو جہاں، سیلِ موج میں مُدغم

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

یہاں کی ریت ہے سونا، یہاں کی خاک عبیر
حریمِ گنبدِ خضرا ہے ہمقرانِ حرم

پڑی کرن تو چھٹی ظلمتِ ہیولانی
پگھل کے بہہ گئے قصرِ مشیدِ ظلم و ظلم

درود بر نبیِ آخرالزماں کہ جو ہے
سلیم و صاحبِ اسلام و سالم و آسلم

ہے جو یگانۂ آفاق و قبلۂ آشواق
ہے جس کے ہاتھ میں کونین کی زمام و لـغم

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

کبیرِ کوکبۂ انبیا کہیں جس کو
وہ تاجدارِ دوعالَم، خدیوِ فضل و کرم

تَفضیل و فاضل و افضل، مُتَفضّل و مِفْضال
جمال و خیر کا منبع و مَعدن و مَنْجَم

وہ شہریارِ سپہر اقتدار و فُرّخ فَر
وہ بادشاہِ فَلک اِحتشام و دَہر ہِمَم

زمانہ صبحِ ازل سے تھا منتظِر جس کا
تھے جس کے واسطے سرگشتہ آشہب و آدہَم

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

وہ شاہکارِ یدِ صانعِ علیَ الاِطلاق
ستارہ رایَت و مَہ پرچم، آفتاب عَلَم

منارِ مَعْدَلَت و اِعتِدال و اِسْتِقلال
نہ اُس سا صاحبِ وعدہ، نہ اُس سا اہلِ ذِمَم

وفائے عہد میں اس سے دبے سَمَوْءَل بھی
کوئی نظیر کہیں ہوگی تو بہ کتمِ عدم

جہانِ صبر و رِضا، آسمان توَکُّل کا
ہے جس کے آگے دوتا، سَطوتِ سِکندر و جَم

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

کہے جو مُضطرِب آعرابیہ سے: لاَتَخشَین
بسر ہوں اس کا، تھی جس کی غِذا قدید و عَشَم

بنا جو بعد میں چوپانِ نسلِ اِنسانی
صِغر سِنی میں رہا وہ شبانِ غولِ غنَم

دلیل و بَدرقۂ راہِ پیچدارِ حیات
حُدُودِ راعی و مرعی کا مُرشد و مَعلَم

جسے ہر اک نے کہا: اَلاَمین و اَلصادِق
بہ بزم و رزم ــ عظیم و معظّم و اعظم ۵۰

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

بجاں عَزُوم و مُصَمِّم، بَدِل اَخُوثِقَۃ
حلیم و عازِم و حازِم، مُقاوِم و مِغْشَم

وہ خوش لقب نبیِ صالح و رسولِ کریم
عرب کا سَیِّد و دَیّانِ مَرزبومِ عَجم

خِطاب جس سے ہے اِقرأ بِاسْمِ رَبِّکْ کا
ہے جس کے فیض سے مُعجِز نوا صَریرِ قلم

نظر جُھکا کے کہے: ما آنا بِقاری
علیم و عالِم و اَعلَم کے لب پہ: لا اَعلَم!

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

ہے بزمِ راز میں رندوں کے لب پہ : ھُو ھُو ھو
ہے چشمِ مردُمِ آگاہ میں وہ پُرشوتَم

پَرَتی سُرگ مہامد سے جس کو یاد کرے
ہے خَلق و خُلق و شَمائِل میں وہ گرُو نُرتَم

وھی قرارِ دلِ ھفت دُخترِ خِضرا
گواہ اس کی ہے پرتَم کہ ہے وھی پَرتَم

مُرورِ وقت سے آپ نام ھی بنے شُبھ نام
الگ نہ ھوسکے اسمِ صفت سے اسمِ عَلَم

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

وہ گوہرِ صدفِ قُلزُمِ زمان و مکان
ہے جس سے خاطرِ قلّابگاں نژند و دژم

وہ کانِ حکمت و ادراک و فہم و اِستبصار
مزاجِ کُفر ہے جس سے مُنَغّص و برہم

مُخاطبِ : فکشفنا غِطاءک عنک
حریمِ لم یزلی کا مُقرّب و محرم

جو شہرِ علم ہے علّامۂ الٰہی ہے
نظر خبر کا ظہورِ تمام و تام و اتم ۷۰

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

سحر لقا، نبیِ رحمت و اِمامِ ہُدا
جو راہِ حق میں رہا مُبتلائے رنج و سَقَم

پیام جس کا ہے: وَاعْتَصِمُوا بِحَبْلِ اللہ
کیا دماغ و دلِ مُنفَصِل کو جس نے بَہَم

بیک کرشمہ جو مُعوَج کو مستقیم کرے
مُذِلّ و مُخزِیِ ظلّام و ظالم و آظلَم

قوی و مُحتَسِب، آوّاہ و قابل و مُقبِل
آلَبّ و آحزم و مِقدام و مُبشّر و مُؤدَم

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

غرور توڑے جو بدمست قہرمانوں کا
نہ ہو مفاد و مصالِح کے سامنے کبھی خم

ضیا و زمزمہ بخشے آصمّ و آعمیٰ کو
بحکمِ قُل ہو سخن آشنا لبِ آبکَم

بیک نگاہ کرے سَلب سَمّیَت سَم سے
ملے گر آبِ دہن اس کا شہد ہو عَلقَم

اثر سے جس کے مِسِ خام ہو زرِ خالص
نظر سے سوختہ بیخ و بُنِ نِقار و نِقَم

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

وہی جو راتِق و فاتِق ہے خافِض و رافِع
ہے جس کا عزم و تَصرُّف، مُصمَّم و مُبرَم

بہ اِتّصالِ عبُودِیّت و ربُوبیّت
ہے جو مربّیِ خاص و اخصّ و عام و آعم

وہی جو کشفِ ورا ہے، عِمادِ کافِ آنام
صَدُوق و صادِقُ الاِقرار و استوار زَمَم

رُموزِ کُن فَیکُون جس پہ مُو بہ مُو روشن
وہی جو خَتمِ رُسُل ہے وہی جو فَخرِ آدَم

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

وہ عقلِ اوّل و اعلیٰ، حقیقتِ آسماء
وہ نفْسِ کائنہ و روحِ خالد و اعظم

ہے جس کی رائے اُمورات دین و دنیا میں
سدید و صائب و فرخندہ، مُتْقَن و محُکَم

ہے حُزن جس کا رفیق اور علم جس کا سَلاح
جو والی و مُتعالی ہے آفْہم و آشْہم

نہ دے جو حُکم کسی کو بغیرِ اِسْتمْزاج
وہی جو قَیّمِ آقدار ہے قِوامِ قِیَم

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

صِفَت ہے عاصِم و معصوم و مُعتَصَم جس کی
جو مُحتشَم کہ ہے تمثالِ اعتصام و عِصَم

سعید و سعد و مساعِد، مطیَّب و طَیب
بہ عِجز و عِفَّت و عِصمت، مُقَدَّم و اَقدَم

عطائے حق کا جو قاسم ہے وہ ابُوالقاسم
مَلیکِ مُقسِط و مُعطی و مُقتَدِر کی قسم

وہی مُقَسِّم و قسّامِ گنجِ ربّانی
نبیلِ شاد رواں و مِعَمِّ پاک شِئم ۹۰

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

جسے خدا نے خزانے خدائی کے سونپے
وہی مُقوّمِ و قوّام و قائم و آقْوَم

ہے ریگِ گرمِ بیاباں، حریرِ گُل جس کو
ہے جس کے ہونٹ میں تریاق، آنکھ میں مَرہم

بَشُوش و صابِر و شاکِر، بشیر و مُستَبشِر
بہ صبح گاہِ مَغانم، بہ شام گاہِ اِزَم

فراخ حوصلہ، خندہ جبین و عالی ظرف
سنا نہ طالب و سائِل نے جس سے: لَاولَم

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

شفیعِ روزِ جزا، شافع و مشفّع ہے
بفکرِ امّتِ مرحوم، وقفِ کلفت و غم

زِ رُوئے وَحی جو یا اَیُّھا المُزَمِّل ہے
قیامِ شب سے رہے جس کے ساق و پا میں وَرَم

مُجسّم امن و امان و امانت و ایمان
ہمہ سکینت و آزَرم و خیر و مِہر و کرم

زعیم و قرم و سَدیم و سَمیذع و صِندید
رسولِ رحمت و رأفت، پیمبرِ مَلحَمہ

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

اِدامِ آدمیاں، افتخارِ عالَمیاں
ہے جس کے آگے اُولِی الْاَجْنِحَہ کی گردن خم

جواد و راد، جلیل و اَجَل، مِہین و بِہیں
عمید و غالب و نام آور و ہُمام و تہم ۱۰۰

طواف جس کا کرے اَلصَّفِیحُ الْاَعْلٰے بھی
ہیں سجدہ گاہِ جبینِ نیاز جس کے قدم

زباں سے خود کو کہے: سابِقُ العرب، لیکن
کہے زمانہ جسے: سیِّدِ اَنام و اُمَم

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

نِگار خانۂ کُن کی حسیں تریں تصویر
ہے جس پہ ناز کُناں خود مُصوّرِ مرتسم

نہ لائے تابِ نظارہ نگاہِ مشتاقاں
نہ پائے خامۂ نُدرت ختامہ، اِذنِ رقم

بیاں کیا کروں اس جَبْہۂ منوّر کا
شعاعِ مِہر سے جلتے ہیں پردہ ہائے پژم

کریں تلاوتِ والّیل اِذا سجیٰ زلفیں
سیاہ رات کے سائے ہیں حلقہ ہائے لمم

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

ہو رنگ چہرے پہ وَالصُّبحِ اذا تنفّسَ کا
تو کیوں نہ صُبح بھرے عارضِ صبیح کا دَم ؟

وِشاقِ موجِ شکر خند، اِہتزازِ چمن
وصیفِ نائرۂ غیظ، آتشِ مُضطَرم

وہ سیّدُ البشَر و اَحسَنُ الصُّوَر کہ جو ہے
پناہ گاہِ جہاں، پیکرِ لطافت و لَم

وہ جس کے خُسرَوِ گیتی پناہ حلقہ بگوش
ہیں کجکلاہِ اُولُوالعزم جس کے مُستخدَم

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

ہے نَعل جس کے تگاور کا تاجِ ہفت اقلیم
سلام کرتے ہیں جھک کر جسے اِکام و قِمَم

ہے سیمِ ماہ و زرِ مِہر، خاکِ پا جس کی
وہ بخت یار و قَویم و قلاؤز و قُوَّم

پَلک نواز، سخی، دیدہ ور، پَلَک دریا
اَجیت، آمر، جری، حلّالِ مُشکلات و جَشَم

جہاں پناہ، جہاں مَرزُباں، جہاں داور
رِواق عالمِ آجسام کا عَمُود و دِعَم

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

وہی ہے کاشفِ رازِ نہانِ یزدانی
امینِ سِرِّ سراپردۂ وُجود و عدم

پرے ہے عرش سے بھی جس کی منزلِ مُتعال
ہے کفش خانہ فقط جس کا نیلگوں طارَم

سِتارے کاہکشاں کے ہیں راہ کے ذرّے
طرازِ صَفحۂ گردوں ہیں نقش ہائے قدم

بوصفِ مرتبۂ ارجمندِ آو آدنیٰ!
حُضُورِ حضرتِ پروردگار ہے مُبرم

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

جو اپنے رب سے کرے بِالمُشافَہَہ باتیں
اَغَرّ و گنجورِ بِشر و بَذل و بُذم و عِظم

خُلاصۂ دو جہاں جس کی ذاتِ والا شاں
گیا جو عرش پہ بے نَردُبان و بے سُلَّم

ہے جس کی شان فَاَوحیٰ اِلیہِ ما اَوحیٰ
وہ آسماں خِیَم، انجُم خَدَم، سپہر حَشَم

مِلا دَنیٰ فَتَدَلّٰی کا جس کو مَجد و شرف
فلق مخائلِ و طُوبیٰ محاسنِ و مِیسَم

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

یہاں سے ہو کے گیا جب سے وہ فلک پیما
ہے سُرمہ آنکھ کا گردِ رہِ یروشیلم

نہیں ہے وصل و ملاقات کا مقام کوئی
نہیں ہے حرف و حکایات کا کوئی موسم

وہ نُورِ ساطعِ سُبحانَ اَلَّذی اَسراء
سوار ہو کے چلا سُوئے آخضری پشکم

ہے غُلغُلہ: فَلْنِعْمَ الْمُجِیُٔ جاءَ کا
ہیں فرش راہ دل و دیدہ، تَن بدن جاجَم

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

بِراجماں ہُوئے آکاش پر مُکٹ دھاری
سَلَج سُبھاس سے چھلکائے پریم رس، پرِیتم

یہ سَرْب بُھومی کا راجہ، مہابلی، سمراٹ
اَپار، آتھاہ، اَننْت اور وِشْواتم

یہی لَلن یہی یوگیشَور یہی کاھن
سدا تما، آپَراجِت، انُوپم اور دُردَم

مہاپُرُش، جسے آکار آلَکھ پُرُش کا کہیں
پسینہ جس کا ہے سونا سگندہ وہ سَتّم ۱۳۰

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

یہ راہبر ہے سَرَل مارْگ کا سَرِشْٹی میں
نہیں ہے گیانی گو آگَم کا پر پَرَم آتَم

وِشالتا میں یہ نرمی، یہ رس، یہ کوَملتا!
یہی ہے شانتی شکتی کا تَکمِلہ، سَتْیَم

پُنیم کومات کرے چھب سے شیام سانول گات
یہ آنکھیں درْس کو کب سے ترس رہی تھیں بَلَم!

ہے اَپْسراؤں کے نازک لبوں پہ: کھیم کُسَل
بنا دیا ہے مسرّت نے سانس کو سَرگَم

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

رِسال آدھروں کا ہر بول راگنی میں ڈھلا
انیلی الّھڑیں کیا جانیں تال سُر کے مَرَم !

حِنائی انگلیوں کی ضربِ دلنشیں دَف پر
پڑے پھوار سی پھولوں پہ جس طرح جَھم جَھم

کہ جیسے سینۂ کہسار سے جَھرے جھرنا
بجائے وادیوں میں جَلترنگ ، جَلنِر گم

کنوار چھل کی مہک مور چھل جھلاتی ہے
ٹھسک سے چلتے ہوئے چھمچھماتے ہیں پری چَھم

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

مَلُوک ، رسمسے ، سوشِیل ، سَہج سِیل سبھاؤ
رھیں بہار پہ جُگ جُگ جوانیاں جَم جَم !

ھلیں نِتَمب وفورِ طرب سے دھڑکیں آروج
کرے نہاں کو نمایاں لباسِ ابریشم

دَہانِ خُم پہ ہو خِشتِ کلیسیا جیسے
ھیں یونہی نُور کے قُبّوں پہ دیدبانِ حَلَم

سمائیں آنگ میں کیسے جب انگ باڑھ پہ ہوں ؟
چلیں لٹک کے کریں پا بَرَنجنیں چھم چھم

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

عَرارِ نجد کی خوشبو سے پیرہن مہکیں
ہو دستہائے حنابستہ پر گمانِ عَنَم

ضیائے حسن لِباسِ حریر سے جھلکے
کہ جیسے غُنچوں نے پہنا ہو جامۂ شبنم

بدن چھریرے، کسیلے، چھبیلے، مہکیلے
اٹھائے سینے میں طوفاں، نفَس کا زِیر و بَم

کنّول کشورِ کشمیر، نین نینی تال
کُسُم کے کھیت کنارے کِھلے ہیں نیل پَدَم

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

کسے حقیقتِ راز و نیاز کی ہے خبر؟
ہے رِیت پرِیت کی مُکتّھم، اَمِت، اَنُوپ، اَگَم

کیا مُشاہدۂ شاہدِ جلیل و جمیل
پڑی نہ پڑ سکے جس پر نگاہِ نامحرم

مُمیتِ آزری و مُحئیِ دینِ اِبراھیم
مُرادِ مُوسٰیِ عِمران و عیسٰیِ مریم

مُبَشِّر اس کے تھے زرتُشت و کرشن و کنفیوشس
نقیبِ پیش رس اس کے ارسطو و گوتم

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

خدائے برحق و مُطلق کا مُخبرِ صادق
بکارِ خاص بیک وقت مُہتمِم، مُہتمَم

سلام بھیجتے ہیں جس کو قُدسی و قِدّیس
ہے جس کی ذاتِ مُقدّس ہمہ صلاح وسَلم

وہی جو مقصد و مقصودِ آفرینش ہے
بنا ہے جس کے لئے یہ مُرقّعِ عالَم

ضمیرِ آیۂ لولاک و فخرِ موجودات
یمِ مکارمِ اخلاق و زندہ رودِ کرم

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

DELHI-110062

وہ عَینِ غایتِ تکوینِ بزمِ کَون و مکاں
کتابِ بعثت و اِلہام کا وہ نُقطۂ تم

وہ ماحیِ مِلَل و فاتحِ درِ ادیان
صَفُوح و ہادی و مَہدی، جہاں کشا، ضَمضَم

ہے جو رزین و رصیں، شہم و سمح و رَحبُ الصدر
بہ رَحم و مرحمت و مَوہبت، رِہام و دِیَم

وہ شاہِ کاظمہ و عاصمہ و اَمِّ قُریٰ
وہ مرجعِ شرف و عِز و افتخار و عِظم

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

جو بے کسوں کا ہے مَلجا و مامَن و مأویٰ
جو بے دلوں کا ہے ہمدرد و ہمدل و ہمدَم

مَقامِ حقِّ یقیں، منزلِ بقا بِاللہ
مَلاذ و مَفزعِ مہجُور و مِیرۂ مُعدَم

ہے جس کے چاہنے والوں کا نام حَمّادُون
عُمَر سے جس کے فدائی وہ مُرسَل و مُلہَم

وہی جو بت شکن و صاحبُ الہِراوہ ہے
مُطیع جس کے ہیں ابطالِ نامدار و بُہَم

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

رَسُول بِسَجِل ہے حبیبِ خدائے عَزَّ وَجَلّ
عزیزِ اہلِ جہان ، قاسم و قسیم و قُثَم

اسی کو مُطّلِبی و ہاشمی بھی کہتے ہیں
وہی ہے صاحبِ فیضِ عمیم و عام و آعم

جو مکّی و مَدنی ہر وَطن کا ہے وَطنی
حکیم و حامِل آحکام و حاکِم و احکم

وہ خانوادۂ عبدِ مناف کا سردار
وہ شاہزادۂ صحرا ، بلند چشم و آشم

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

اٹھائے ہاتھ دُعا کے لئے اسی کی خاطر ، جب
رکھی خلیلِ براہیم نے بِنائے حرم

وہی ہے عُروۂ وُثقیٰ ، وہی ہے حَبلِ متیں
وہی ہے فخرِ ورا ، خیرِ خلق ، صدرِ اُمَم

جمیع و جملہ صِفاتِ کمال کا جامع
جو ہر نِزاع میں ہے مُتّفق علیہ حکَم

نہیں حُدودِ زمان و مکاں میں جو محدود
جو پیکِ حق ہے پئے کُل خلائقِ عالَم

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

شعاعِ شمس و ضیائے نُجُوم و نُورِ قمَر
اسی کے حسنِ نظر سے مُنتَّظم و مُنضَم

ھے بے سُتُونِ سماوات کا سُتُون وھی
نشانِ راہ اسی کے منارِ ارضِ حرم

حِصارِ مجد و مناقِب ، دِیارِ دانش و داد
رحیم و راحم و ارحم ، کبیرِ کِلک و کِلَم

جِلائے پردۂ ظُلماتِ رُوح و صیقلِ دل
نہیں ھے جس کے لئیے کوئی مانع و برکَم

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

امین و مؤتمن ، آمِن بظاہر و باطن
تمام طیّب و تحیّت ز فرق تا بقدم

حیا و صدق و فُتُوّت کا حرفِ باز پسیں
وہ قولِ فیصل و بُرہانِ قاطع و مِہذَم

بہ اِصطفاء مُحَمّد ، بہ اِجتباء احمد
ہے جس کا اسوہ رہِ حق کا سنگِ میل و وَجَم

دمِ ظفر ہے وَلاَ فَخر جس کے ہونٹوں پر
وہ صبر و شکر و سماحت کا عَیلم و ہَیقَم

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

انیس و مُونسِ بیچارگاں ، ندیمِ عدیم
مُقاوَمَت میں پہاڑ ، التفات میں ریشم

چمن میں غنچۂ شاداب و لالۂ سیراب
صفِ مصاف میں ہے لَیثِ غاب و شیرِ اَجم

کلی حیا میں ، نزاکت میں پنکھڑی گُل کی
بہ پیش گاہِ وَغا ، طَودِ شامِخ و آیہَم

اگر ہو خرمنِ باطل تو شُعلۂ سوزاں
اگر ہو گلشنِ حق تو طراوتِ شبنم

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

اِذَا غَضِبَ اَشاحَ وَ اَعْرَضَ ، لیکن
ستیزگہ میں ھَزَبر و غَضْنفر و ضَرغم

بحُکم و حَزْم حدید و بحِلم و رِفْق حریر
ہے بیتِ حکمتِ دل ۔ نُور و نار کا سنگم

فروغِ نور سے چہرہ ، صباحِ عیدِ سعید
رقیبِ عہدِ جوانی ، زمانِ شیب و ہَرَم

خرامِ ناز میں آہستگیِ تمکیں ہے
کہ جیسے دُور سے آئے صدائے رود و رَنَم

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

شفق میں برق چمکتی ہے وقتِ خندیدن
حریفِ شام و سحر ہیں حروفِ لا و نَعَم

نذیر و مُنذِر و نذر و مُبَشّر و بُشریٰ
نعیم و ناعِم و مُنعِم، نَفُورِ ناز و نِعَم

غَنا و فقر سے جاہ و جلال شرمندہ
خَجِل کِساءِ مُلَبّد سے دیبہٴ مُعلَم

نِثار خِرقہٴ پشمینِ شاہِ بطحا پر
سُمُور و بیرم و خُزّ و دبیقی و مُلحَم ۱۹۰

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

وہ جس نے مال کو یعسُوبِ اہلِ کفر کہا
سماءِ رُشد و ہدایت کا نیّرِ اعظم

پیام جو صلّوا آرحا مکُم کا دیتا ہے
کرے جو وحدتِ انسانیّت کے نسخے رقم

خدائے قادِر و قُدّوس کے تصوّر سے
کرے دلِ مُتزلزِل کو ثابتِ و مُحکم

انا بشر کا جو اعلان و اعتراف کرے
نہیں جو وحیِ خدا میں مجازِ بیشی و کم

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

وہی ہے نقطۂ بِسْمُ اللّٰہی، اے اہلِ نظر!
جہاں رَسالت و عبدیّت آکے ہوں مُدغم

اسی کا نام زمین و زماں کے وردِ زُباں
اسی کے نام سے ہر ذکر یُبْدَأ و یُخْتَم

مُحمّدِ عَرَبی آبروئے ہر دو سرا
حبیبِ پاکِ خدا، جانِ عالَم و آدَم

صِفاتِ بوقَلمُوں لا تَعَدّ و لا تحصیٰ!
ثَنائے خواجہ سے معذور ہیں زبان و قلم!

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

# بابِ دُوُم

کہو یہ غمزدہ سے : لَا تَخَفْ وَلَا تَحزَنْ !
ہے منزلِ اَحدیّت کا جادہ ، راہِ اَلم

عمل ہے علم کا مقصود قیل و قال نہیں
وسیلۂ زر و منصب نہیں کتاب و قلم ٠٠

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

سکونِ قلب میسّر جو ہو تو کیسے ہو؟
ہیں برگ و بارِ بدی ــ آہ و اضطراب و ندَم

و ما اصابَکَ مِنْ سَیِّئَۃْ فَمِنْ نَفْسِکْ
بِنائے عدل ہے لاَ یَرحَمُ فَلا یُرحَم

اگر بقا کا ہے ارماں: تعاھَدُوا القُرآں!
کہ ہے یہ سیلِ فنا میں حِصارِ مُستحکَم

جدا ہے خلوتِ ذاکر سے عُزلتِ راہب
ہے رزقِ صاحبِ تخلیق روزۂ مریم

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

وہ بے حُضُور ہے جو حَیِّ لا ینام نہیں
ندیمِ دوست بنے کیسے گنگ و کور و اَصَم؟

یہ دھر تو ہے فقط مُستَقَر و مُستودَع
میانِ مومن و مولا ہے جان بیعِ سَلَم

بشر ہے رُوح سے، ذکرِ خدا ہے رُوح الرُّوح
خدا کہ ظاہر و باطن ہے اَنتم و ہُم

کہے: اَنا مَعَ عَبْدِی اِذا ذَکَرَنِی
ہے جس کی شان: ھُوَ یُطْعِمُ وَلا یُطْعَم

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

کرے جو دَم میں در و دشت کو گل و گلزار
بنائے آن میں مجلس کو مأتم و مُحتشَم

مُقیت و مُغنی و رزّاقِ جملہ مخلوقات
بہ حُکم و حِکمتش انسان یُرزَق و یُحرَم

سعید لیتے ہیں اقوامِ ما سبق سے سبق
ہیں اک مُرقّعِ عبرت ، ثمود و عاد و اِرَم

عُلُومِ اَنفُس و آفاق کی کرو تحصیل
کہ جدّوجہد ہے درمانِ غم ، علاجِ بَرَم

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

بنو مُحقّقِ و عارِف ، مجاھد و صابِر
لکھو جوابِ سوالاتِ مشکل و مُبہَم

ھُؤا نہ حق کبھی آسودہ خاطر و ایمن
ھمیشہ دست و گریباں رھے صمد سے صنم

ندائے آنس سھی : اِرْجعِی اِلیٰ ربِّکْ
دلِ رمیدہ غلامِ گُریختہ سے ھے کم ؟

ازل سے فطرتاً انسان ھے کَفُور و کَنُود
ھے جُزوِ اعظمِ مُشتِ غبار ، حرص و ستم

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

زبان نشترگہِ : لَا اِلٰہَ غیرُ اللہ
بدن ہوس کا نگارینہ بُت قدِ آدم

ہے دل میں اُعلُ ہُبَلْ ، لب پہ ہَلِلُویا ہے
کہاں صَدیقِ وفا پیشہ و حمیمِ آحم ؟

بشر حریص ہے عاطٍ بِغیرِ آنواطٍ
رہے ہمیشہ گرفتارِ حُزن و حَسرت و ہَم

حواس باختہ ، نخچیرِ ضَیق و ضُجر و قلَق
حریقِ آتشِ کینہ ، غریقِ لُجّۂ غم ۲۲۰

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

اسیرِ کاهش و خواهش، کبیدہ و دلتنگ
ظَلُوم و مُخْطی و مُذْنِب، مُخَوِّن و مُغْتَم

مُحیل و مَفسَدہ کار و مُزَوِّر و مُحتال
عقیدہ مُحتَمَل اس کا، مُعاہَدہ مَزعَم

پئے زَخارِفِ دنیا ذلیل و رسوا ہو
سگِ عَقُور سے ملتا ہے بندۂ دِرہم

جو ابنِ اصل ہے وہ نِسْ کَپَٹ ہے نِسْ چَھل ہے
جو ابنِ ناس ہے نِسدن لڑاتا ہے تِگڑم

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

جو ایک بار دھنسا پھر نکل نہیں سکتا
ہے عیش و عشرتِ دنیا وہ نامراد دَھَسم

عَبَث ہے اہلِ ریا سے امیدِ پاسِ وفا
نہیں ہے طَبْلِ تہی سے زیادہ ان کا بھرم

اے اہلِ مَکنت و حشمت ، تجمّل و شوکت!
ہیں مُلکِ مَکر کے جاسوس یہ عَبید و خدَم

ہوس معازِف و خمْر و حریر و خِزْ کا نام
محبّت اشکِ گلوگیر و شیون و ماتَم

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

ہیں اہلِ بَذْخ و تَرف مُطلَقُ العِنان، لیکن
کریں تراہ تراہ، اس پہ بھی مچائیں بَتَم

بھرا ہے لوبھ سے مَن، آ رہا ہے اِندراسن
پہ لب پہ وَا آسفا! وا مُصِیبتَا! ہر دم

اسیرِ پنجۂ طَمْث و بِعال و بُوالہوسی
سیاہ کار و سیہ نامہ و سیاہ قلم

ہے برملا آرِنا اللہَ جَہْرَۃً کی صدا
کہ اِدَّعا ہے جَہالت میں لازم و آلزم

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

ہے جا بجا لُکَع ابنِ لُکَع کا اِستیلاء
اِذا آنا نَبیُ اللهِ انّہ یزعم

کرے جو طعنہ زنی لا نَبِیَّ بعدی پر
وہ خُود بِنا مُتَنَبیّ ہے مُنکِرِ اعظم

ڈھلے نہ گر عمل و معرفت میں علِم کتاب
ہیں ایک حامِلِ آسفار و حاملانِ حُزم

ہے رُوحِ مذہبِ اِسلام تقوی و احسان
متاعِ فاسد و کاسد فضیلتِ آب و عَم

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

نہیں ہے فرق بنین و بناتِ آدم میں
کوئی اَدَھم ہے نہ پیدائشی کوئی اَتّم

ہے قدر و منزلت انساں کی عزم و ہمّت سے
نسَب سے فائدہ اپجے نہ کام آئے جَنم

دلیلِ مُردہ دلی ہے تفاخُرِ عِلمی
کہ زندہ دل نہیں محتاجِ دعویٰ و مُقسَم

جو داعیِ عَصَبیّت ہے ہم سے خارج ہے
عدوئے دینِ خدا ہے شُعُوبی و مُلحَم ۲۴۰

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

نہ ہو مُمَیّزِ بیگانگان و خویشاوند
پُنَم کی جس کو طمع ہو نہیں ہے وہ بزم

سعادتِ اَبَدی کی نوید ہے اِنفاق
کلیدِ سروریِ نَشأتین ہے ھَجنم

نہاں یہ نکتہ ہے وَالنّاشِطاتِ نَشطاً میں
ہو سیر چشم نہ زنہار طامِع و مِلھَم

اگرچہ شک نہیں تفصیلِ کُلِّ شَیٔ میں
اٹھیں حجاب مگر رفتہ رفتہ و کم کم

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

ہے شرحِ صدر کی گر آرزو تو دعٔ نفسک
یہ دھر دارِ مکافات ہے الم تعلم؟

ہے آگہی کی اساس، احترام و آزادی
صلائے اہلِ محبت ہے: آشلِم و تشلَم!

نہ رکھ شعور کو رہنِ تکہّن و احلام
گماں ہے جنتِ شداد و شاد باغِ ارم

حیات بخش ہے سعیِ صفا و مروہ، مگر
ہے ہادمِ شرفِ آدمی، طوافِ رجم

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

مُرادِف و مُترادِف میں فرق کرنا سیکھ
نہیں ہے مرگِ معانی کا نام زورِ قلم!

ہوا کی لہروں میں نغمے ہیں مُرتعِش ، اِسمَع!
مہ و ستارہ صحیفے ہیں علم کے ، اِعلَم!

سُوئے زمیں نِگراں ہیں ازل سے تیرے لئے
سِماکِ رامح و جبّار و آعزل و مِرزَم

نہ ہو مَلول کہ آغازِ آفرینش سے
صباحِ مستی و شامِ خمار ہیں توأم

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

نِقابِ نُورِ سحر ہے سیاہ گوشۂ شب
ہے کارخانۂ الماس تیرہ کانِ فحم

وہی ہے بندۂ مُقبِل جو ہے حُدُود شناس
ہے شرح اس کی حیاتِ: شُریح و بن آدھم

بشر ہے صیدِ زبون مایہ اِلف و عادت کا
ہوں پیش تازہ مسائل تو ششدر و پُرخم

ہیں فہم و فکر سے بالا اُمُورِ تکوینی
خرد سے کُھل نہ سکے عقدۂ حدوث و قِدَم

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

نہ ہو کبھی دلِ خلّاق غرّہ و غافل
بسانِ آہوئے وحشی کرے جمود سے رَم

وہی زوال کا ہنگام ہے جب آنکھوں میں
ہو آرزو و عزیمت کی روشنی مَدّھم

مداوَمت ہے رہِ آرزو کا زادِ سفر
مثال اس کی ہے تمثیلِ آرنَب و غَیلم

خدا فروش، زیاں کوش، صاحبِ تن و توش
ہیں صیدِ حلقۂ آغوش، رستم و بَلعم

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

ہے اک نوائے پریشاں زبُور ان کے لئے
اذاں کو کہتے ہیں بُودم: صدائے بے ھنگم

وہ رفتگاں کی کریں پیروی عَلَی العَمیاء
دل و دماغ رہینِ مَے و قِمار و زَلَم

ہیں ہرزہ رَو شُتُرِ بے مہار کی مانند
آھَم مَتی سے ہیں آپے سے باھَر آدھمادَھم

متاعِ غیر کو للچائی آنکھ سے دیکھیں
ہیں اکثر اھلِ جہاں حاسد و نَمُوم و مِنتَم

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

نہیں ہے غبن و تغلّب سے مطلقاً انہیں عار
روپے کو پوجتے ہیں ، لِم لگاتے ، دیتے ہیں دَم

نکالتے ہیں مُدمّغ ہر ایک بات میں فِی
ہیں اہلِ زہد و تعفُّف ہی مُتّہم بہ تُہم

تہِ فلک کبھی آسودگی نصیب نہ ہو
ہے اس قدر کہ دَلِدّر کو کم کرے آدَم

جس آشیانے کی تعمیر صبح و شام کریں
اسی میں گھُٹ کے مریں مثلِ کِرمِ ابریشم

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

کسی کے پاس نہیں ہے علاجِ جُوعُ الکلب
ہو پُر خوری سے کبھی پُر نہ جَوفِ فَرْج و فَم

نہیں ہے تشنگی ، ہے یہ ہُیام و اِستسقاء
کبھی نہ سیر ہو پانی سے ناقۂ آہیَم

جزائے کفر عذابِ سموم و ریحِ عقیم
ثمر نِفاق کا بادِ دِژَم ، فِشارُ الدَّم

خدائے پاک سے بڑھ کر کوئی غیُور نہیں
اس انتباہ پہ بھی گرمِ کار ہیں قُرَم

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

دما دم آتی ہے ہَل مِن مُبارِز کی صدا
بپا ہیں معرکے آفاق میں قدم بہ قدم

خدا ہو ساتھ تو اے غازیانِ راہِ خدا!
ہو اک بَطل تنِ تنہا مقابلِ لَملَم

نگاہِ فخر سے چشمِ فلک نے دیکھے ہیں
نہتّے شخص سے خائف، مُسلّح و مُلجَم

لہو شہید کا جنگاہ میں جو بہتا ہے
ہے رنگ و روغنِ دارِ سلام و بیتِ حرم

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

قصاص میں ہے حیاتِ نَو اے اُولیِ الاَلباب!
جو رایگاں بہے کہتے ہیں اس لہو کو ھَدَم

مُماثلت ہے بس اتنی بہ اِبتلاء و بلا
جو ہے میانۂ آھرام و کلمۂ آھَرم

کُھلے ھوائے حوادث سے دیدۂ دانش
ہیں حاجبِ درِ حق، فتنہ و فساد و ستم

کٹے ہر ایک کڑی مستقل مزاجی سے
نہیں ہے کچھ آبِشُم کے لئے وِشم، دُرگَم ۲۸۰

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

سکونِ قلب ہے فَاصْبِرْ لِحُکْمِ رَبِّکَ میں
لُزُومِ فکر و عمل ہیں صعُوبت و سَیلم

سمندِ عزم کو مہمیز کر کے دیکھو تو
نہیں ہے مانعِ کوشش حدیثِ جَفِّ قلم

صِفات و ذات کی پہنائیاں ہوں جولانگاہ
کہ مردِ حُر نہ ہو محصورِ تنگنائے عُزم

فلاح و فوز ہے اَلْقَصْدَ تَبلُغُوا میں نہاں
کرے جو حد سے تجاوز ہو کام اس کا یتَم

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

یہ مرغزارِ جہاں ہے ، مُقَیَّدُ الجَمَل
نہم سے شکوہ طرازِ بَشم رہیں ہلقم

نہیں ہے بند عطائے خدا کسی کے لئے
جُدا جُدا ہے اگرچہ مُقدّر و مَقسَم

نہیں فروغ خیانت کو لَا تَخُونُوا اللہ
نہ راز رہ سکے ، آخر کو پھوٹے سارا بَم

بہانہ جُو جو ہے مُستوجبِ عُقُوبت ہے
دمِ نبرد دلاور دکھاتے ہیں چَم خَم

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

ہو دل نہ ساتھ تو ہر کام صَعْب مُستَصْعَب
پَراکَرم ہوں توانا تو ہر بِکَھم ہو سُگَم

ہمیشہ رایتِ ہمّت بلند باید داشت
کہ آوَلُوں قبولیں نہ درجۂ دوئم ۲۹۰

پیمبرانہ بصیرت خدا جسے بخشے
سرابِ ریگِ رواں کو کہے نہ بحرِ خضم

دیارِ جبر میں ابنِ جُبَیر بن کے رہو
بہ مصرِ علم و تمدُّن بنو بِنُ الھیثم

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

عَلیَ الشّطَویٰ صَبَرُوا ہے نشانِ حِزبُ اللہ
شریکِ زُمرۂ ابلیس ہو غُلامِ شِکَم

رہے جو جابر و جائر کے سامنے خاموش
وہ اہلِ علم ہے شیطانِ اَخرس و اَعجَم

ہے بے شک اَلرَّحِمُ شُجنَۃٌ مِنَ الرَّحمان
عُقُوقِ نارِ جہنّم کا ہیمہ و ہیزم

گناہ و ظلم کی کھیتی پَنپ نہیں سکتی
علی کو مار کے خود بھی نہ جی سکا مُلجَم

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

اگر ہو حق و صداقت کا ساتھ ، اک پشہ
گرائے رخشِ تگاور کو ڈال کر پلٹھم

فقط طُلوعِ سحر تک ہے چیرہ دستیِ شب
بدل نہ کفر مں کس بل نہ کِذب میں دم خم

طبیعتوں کو بناؤ نہ تابعِ شہوات
کہ جانگسل ہے کد و کاوشِ فضولِ وہم

تمہاری ذات بفحوائے اُخرِجت ِللنّاس
ہے بہرِ تذکرہ و رہنمائی عالم ۳۰۰

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

اکھاڑو خیبرِ تختل و خداع و غفلت کو
بہ زورِ حیدریِ دست و بازو و معصَم

قیام و سجدہ میں راتیں اگر گزرنے لگیں
ڈھلے وصال کی صبحِ نشاط میں شبِ غم

ہر ایک شخص جو نامی ہُوا ، ہُوا ہے فقط
بہ انقطاعِ ہُمومْ و بہ ارتفاعِ ہِمَم

جلیسِ محنت و زحمت ہیں صَفوت و نُصرت
مَلال و ضیق ہیں مقسومِ مِلَدم و بَرکَم

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

خدا کے بندوں کو یکساں ہیں نُعمیَ و بُؤسیَ
کہ ہیں حُرُوف کی قسمت میں فتح و کَسر و ضَم

مسافرانِ رہِ آرزو کو راہ کے موڑ
ہیں زُلفِ خم بخمِ یار ہی کے پیچ و خم

ہے وَقعُ آ جَردَ شیَظَم نوائے خُنیاگر
رخِ صنم کی جھلک لَمعُ آبیَضَ مِخذَم

تم اپنی اور تمہارو نہ اُلجھو آوروں سے
کہ گُن ہیں گیانی کے سَنجَم، شَم، آتما سَنیَم

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

کَلیلَہ کم ہیں زمانے میں اور دِمنہ بہت
کہیں فریب کو فِطنت ، وِکرم کو وِکرم

عبث ہے شکوۂ آلامِ گردشِ ایّام
بہ عزم و حَزم بنو برگزیدۂ عالم

نہ دیکھا صاحبِ کرکام کو کبھی ناکام
نہ پایا اہلِ طلب کو کبھی بِرام و بَفَم

جو اِعمَلُوا کی پیئیں مَے سبُو سبو خُم خُم
مزہ دے ان کو گنرک کا مَلامتِ لُوَم

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

جو نادِم و مُتَنَدِّم ہو بخش دو اس کو
نہیں ہے کوئی بشر بے جِنایت و مِلَزم

برُوزِ جنگ، سرِ دشمن آَجَزلُ نائِل
بہ امن و عافیت، آَلعَفوُ آکبرُ مَغنَم

جو خام کار ہیں کرتے ہیں: آہ! آہ! اف! اف!
ہوں اہلِ عشق پتنگے کی طرح جل کے بھسم

ہوں اہلِ علم و عمل این وآں سے بے پروا
لبوں پہ آئے نہ: لَیتَ، لَعَلّ، لِماذا، کَم!

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

سرِ قبول ہے شرطِ وفا و گردنِ طوَع
ہے رسم و راہِ تقرّب، اطاعتِ پیہم

ہو ضبطِ نفْس سے خالی تو کھیل بچّوں کا
پرانا یام و کپالی ہو یا کہ حَبْسِ دَم

تلاشِ حُسن میں الفاظ سے الجھنا کیا!
نمودِ رنگ ہے قوسِ قُزح، دھَنک، کَرکم

جہان مظاہر و آثار پر لگاتا ہے حُکم
دلوں کے حال سے ہے عَزَّ اِسْمُہٗ اَعلَم! ٣٢٠

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

جو مُنکرَات و فواِحش سے اِجتناب کرے
کرے نہ ربِّ کریم اس سے اِحتسابِ لَمَم

دیارِ شوق میں لازم ہے پاسِ حرف و نگاہ
بڑھا جو حدِّ ادب سے ہُؤا سر اس کا قلم!

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

# بابِ سوُم

ہے تیری ذات سزاوارِ ہر ثنا یا رب!
کیا ذلیل کو تو نے جلیل کا محرمؔ

وہ آفتابِ جہاں تاب ہے میں ظلمتِ شب
ہوں کیسے اس سے مُلاقی ، بتاؤ چگونہ رسم؟

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

چراغِ قافلۂ درد ہے دلِ پُر درد
صدَف ہے سینے کا گنجینہ دارِ گوہرِ غم

ہجومِ شوق ہے شاعر ہے اور تنہائی
جگر فِگار، نفَس سوختہ، مژہ پُرنَم

خیالِ دوست ہو مہماں تو کس طرح سوؤں؟
پلک جھپکتے ہی اٹھتا ہوں چونک کر یکدم

مسلسل آتی ہے آواز لا تَنَمْ قُمْ کی
کہ ہوں نہ کشف و تجلّی سے بہرہ ور نُوَّم

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

ہے بے نوائی و بے مایگی متاع مری
ہوں پائمالِ خلائق ، بسانِ نقشِ قدم

گُلِ بہار ہوں لیکن خزاں رسیدہ ہوں
عزیزِ مصرِ سخن ہوں پہ صیدِ سوز و سَدمَ

ہے دانیال ، شہِ بُخت نصّر کا قیدی
نہیں ہے کوئی غریبُ الدّیار کا ہمدم

نگارِ زیست ہے مسحُور کُن ، کشش انگیز
دکھائے تازہ بہ تازہ و نو بہ نو چم خم

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

عروسِ دہر رِجھائے ، لُبھائے ، بِلمائے
اٹھائے دل کے سکوں زار میں تموّجِ یم

زمانہ مجھ پہ لگاتا ہے تہمتِ عشرت
کرکے جو بُوالہوسوں کا مُقاطعہ ، مُلزم

برہنہ بوریہ اورنگِ خسروی ہے مجھے
نہ شوقِ طاق و طُرم ہے نہ ذوقِ جاہ و حشم

مزاجِ صاف میں ہے چھل کپٹ نہ لاگ لپٹ
ہے مجھ کو میرا کتب خانہ ، قلعۂ مُحکم

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

مُتَفَرِّدُون ہیں اہلِ تبتُّل و تفرید
جریدہ رو کو نہیں احتیاجِ طَبْل و عَلَم

غُرور و فخر و تعصُّب، نہ عُجْب و اِسْتِکبار
ہمیشہ مدِّ نظر منزلِ فنا و عدَم

سکوت و فکر کی وادی ہے قلعۂ در بند
زباں پہ صلِّ علیٰ آئے تو کھُلے سَم سَم

ہمالیہ سے کہیں بڑھ کے ہیں عزیز مجھے
صَفا و نُور و اَحَد، صالح و ثبیر و اِضَم ۳۴۰

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

تُو چاہے بارِ خدایا! تو کون دخل انداز ؟
اٹل ہوں لاکھ قضا و قدَر کے حُکم و حُمَم

کرے نہ گبر و مسلماں میں فرق فیض ترا
کشادہ ہر مُتَنَفّس پہ تیرا خوانِ کرم

حَفِیّ و حافظ و حَنّان و مانح و مَنّان
تری ہی قدرت و تقدیر سے نُشُورِ رِمَم

ہے تُو ہی قائم و قَیُّوم و دائم و دَیُّوم
ہر اسم ہے ترا اسمِ جلالت و اعظم

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

ہے تُو مُحوِّلِ اَحوال و کعبۂ آمال
ہوں تیرے نُور سے کافور غَیہَب و غَیہَم

حِجابِ نُور میں مستُور ہے تُو سرتاپا
بشکلِ نَو مُتَشَکِّل ہے ہر گھڑی ، ہر دم

تُو کار ساز و کریم و مسبّب الاسباب
کرے جو ایک نگاہِ کرم تو عین کرم

نہیں ہے عقل سے بہتر کوئی سر و سامان
غلامِ دل ہُوں اَعوذُ بِکَ مِنَ الْمأ ثَم

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

ہوں عقل دوست مگر دل کے ہاتھوں بے بس ہُوں
یہ نامراد ہے صورت پرست و عَبْدِ صنم

یہی لکھاتا ہے شعرِ غرامی و عِشق
بنا ہے، واشی و غمّاز، کاتِم و آکشتَم

ہے بسکہ ذوقِ تماشائے حُسنِ راہگزار
رِواقیوں کی طرح دلپسند ہے بیکم

ہے بال بال گنہگار، لا تنُوا خِذْنی!
ہے مرد افگن و مُزْمن شرابِ تیزِ مَنَم

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

لبوں پہ ہے یہی تسبیح : لا تُزِغ قلبی
ہے دشتِ شوق میں ہر گام جان کا جو کھم

ہوں گرچہ بے عمل و بے دماغ و بے توفیق
درونِ سینہ دلِ درد مند می دارم

نہیں ہے اوج و امارت کی آرزو مندی
یہ دل ہے خالصتہً مُشتریِ فکر و فہم

تُو میرے نامہء اعمال کو نہ دیکھ، یہ دیکھ
غلامِ حلقہ بگوشِ حبیبِ پاکِ تو آم

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

نہ فقر و قلت و ذلت کے کر حوالے مجھے
اَنا اَعُوذُ بِکَ مِنْ اَنْ اَظْلِمْ اَوْ اُظْلَم

دلِ سلیم و رہِ مستقیم و عزمِ صمیم
ہو ان کے ساتھ عطا، دولتِ ثباتِ قدم

اگر پیوں تو پیوں خود کشید و خانہ ساز
پیالہ حنظل و سم کا ہے جامِ ساقیِ جَم

زمانہ میرا مخالف ہے، کیوں نہ ہو آخر
کہ مِلکِ مُدّعیانِ ہُنر ہے مُلکِ اَصَم ۳۶۰

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

ہے میرے ہموطنوں کی نگاہ میں مُجرِم
کہے جو خوش نفس ابرِ سیاہ کو ختنتم

میں اپنی آگ میں جلتا ہوں مثلِ موسیقار
اَلَم پرست کو ہے مایہٴ نشاط اَلَم

ہو کیسے روشنیِ مستعار پر قانع
وہ مُشتِ خاک کہ ہے خالقِ ضیا و ظُلَم

وہی ہے نقش گرِ فن ، ہو جس کی طِینت میں
اِباء و کِبْرِ عَزازیل و توبہٴ آدم

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

سخن گواہ ہے صاحب قِرانیِ دل کا
بہ ہُوں حُسُود کے نزدیک بَلتم و جَثرم

اَکَل کھرُا مجھے کہتے ہیں زر کے زُنّاری
بہ خود پرستیِ شاں ساختن نمی تانم

مِزاج و مسلک و مِنہاج ہے جدا سب سے
جو دیکھتا ہے مرا رنگِ زندگی ہے دَہَم

میں صبح و شام مُعلّق ہُوں بین ِ خوف و رَجاء
کبھی زباں پہ ہَیَم ہے کبھی نوائے نَیَم

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

میانِ مسجد و میخانہ ہوں مَیں سرگرداں
جو کُوزہ گر کے نہ کام آئے کیا ھُوں مَیں وہ مُتَرم ؟

پڑھوں گداختن و سوختن کا باب مُدام
کہ دمبدم ز تلوّن اسیرِ دامِ تَوَم

دلِ برشتہ میں جلتی ہے شمعِ دیدۂ تر
ہے جانِ قالِب فن ، یہ رَفاقتِ تف و نَم

بہار میں نظر آتا ہے پرتوِ پائیز
تہِ لباسِ عروسی ہے کسوتِ ماتم

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

کبھی عدیلِ غنا ہوں ، کبھی حریفِ فرح
کبھی جلیسِ طرب ہوں ، کبھی ندیمِ ندم

کبھی اسیرِ اسف ہوں ، کبھی رفیقِ سرور
ہیں میرے چہرے کے دو رنگ ، زعفران و بقم

شریکِ بزمِ زُہیر و ہُمام بن غالب
ندیمِ غالب و اقبال و شمس تبریزم

ہُوں خوش عقیدہ ، بہ تقلیدِ غوثِ جیلانی
بہ گردنِ شعرائے زماں نہم پایم

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

ابھارتا ہے تعلّی پہ نفسِ نافرجام
ہوں ورنہ بے ہنر و بے سواد و لایعلم

کہاں مسائلِ دفتر ، کہاں مذاقِ سخن !
ہے تیرے فضل سے یہ امتزاجِ شعر و خِدَم

میں کر رہا ہوں اسے نوش جبراً و قہراً
نہیں ہے مجھ سے نہاں ، زہر ہے مَشُوبِ دَسَم

ہے بے نیاز نعیم و جحیم سے عاشق
عطا کر اس کو مَقاماتِ علمِ نون و قلم

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

مُکاشفات و مَنامات کا ہو کیوں نہ یقیں
مَیں سُن رہا ہوں وہ نغمے جو ہیں ابھی آ جَنَم

جو آنچ سینے میں ہے سنسنانے لگتی ہے
دلائے یادِ دلارام ، ذکرِ بان و عَلَم

سجا رہا ہوں اسی شوخِ دلستاں کے لئے
رُواقِ سینۂ پُرخُوں میں شعر کا آلبَم

فراخنائے معانی ہے میری جولانگاہ
کروں حقائقِ اشیا بنوکِ خامہ رقم

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

خرد میں بسکہ ہے دیوانگی کی آمیزِش
مری نوا میں ہے آوازِ زِیر و نغمہ بَم

اگرچہ لوگ سمجھتے ہیں آشعَرُالشُعَراء
کلیم وار ہوں تمتام و آلکَن و مُفْحَم

ہوئے ہیں شیر و شکر محض فضلِ ربّی سے
مرے مزاج میں سِحْر و بیان و شِعر و حِکَم

اسی طرح کہیں عبدالعزیز کو خالد
کہ جیسے خُونِ سیاوش کو کہتے ہیں عَندَم

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

زَعُوم کو یہ زمانہ زَعیم کہتا ہے
شُوَیعر و مُتَشاعِر کو شاعِر اعظم

کہاں مُفکّر و علاّمہ ، مردِ عَلمانی
جُز اینقدر کہ نواسنج و عاشق و مَشتم

ہے خِضْر راہ مری ، میرے دل کی موسیقی
وگرنہ مجھ کو کہاں دَرکِ مُعرِب و مُعْجَم!

نہیں ہوں ابنِ ولید ، اس کا ہوں مگر ہمنام
وہ اہلِ سیف تھا خالد ، میں خالد اہلِ قلم

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

دُعا ہے عاجز و عاصی کی آعطِنی سُؤْلی
کر اپنے دامنِ رحمت میں سَیِّأت کو ضَم

چساں حُضُورِ تو آیم بہ عرصۂ محشر ؟
بجز سیہ ورقے نیست دفترِ عَمَلَم

فقیرِ عشقم و مستغنیِ سر و ساماں
دلیست سوختہ از عشقِ مصطفٰے دارم

کمینہ خادمِ خُدّامِ عاشقانِ رسول
ہے نعت و نامِ نبی ، مایۂ مُباہاتم

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

نفس نفس صلوات و سلام اس پہ پڑھوں
کہ ذکر و فکر و صلاتم، سلام و صلواتم

عُبیدِ عشق کو پروائے ننگ و نام نہیں
مروں تو غم نہیں ، زندہ رہوں تو لَن آندم!

ہے با نوائی کے با وصف بے نوا خالد
فغاں کہ تشنہ دہاں ہے بُحیرۂ بَحرَم!

کیا خراب و ہلاک اس کو سَوفَ افعَل نے
بحل کر اس کی خطا ، ربِّ اِغفِر و اِرحَم! ۳۰۰

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

همیشه ہونٹوں پہ آنّی لکَ شہادۃٌ ؟ ہے
دلِ عزیز ہے جاں دادۂ جہاد و رزم!

بنا اسے تو علمدارِ ملّتِ بیضا
مثالِ جعفر و عبّاس و مُصعب و ارقم!

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

# بابِ چہارُم

فُتور و مَفسَدہ برپا ہے رُبعِ مَسکُوں میں
مچا ہے کار گہِ شیشہ گر میں اک اُدھم

شرابِ ناب سے ارزاں ہے خُونِ انسانی
لہو ترنگ سے سر خوش ہے مادرِ گیتی

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

جہاں میں عام ہیں با وصفِ اِدّعائے عفاف
نفاق و نخوت و ظلم و فساد و کین و نقم

لگے ہیں پہرے ضمیر و زبانِ انساں پر
کھلا خلیفۂ ارضی کی برتری کا بھرم

سُنے تو کون سنے نالہ ہائے سوختگاں؟
جسے ملو وہی بیزار و بیدل و بے دم

یہ وقِر آدمی؟ اے رَبِّ مشرق و مغرب!
یہ حشر خلق کا؟ خلّاقِ اکبر و اعظم!

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

چلائے دینِ الٰہی بقوّتِ شمشیر
عدوئے دینِ محمّد ہے اکبرِ اعظم

دل و نظر کا سفینہ ہے تو تہ و بالا
ہے انتظامِ معیشت تو دَرہم و بَرہم ۳۱۰

بنائے مردوں کو بیگانہ گھر سے ہر ناری
زناں کو ذوقِ تفرّج بنائے خصمِ خصم

میاں ہے کوتکی ، آنکھیں لڑائے پاتر سے
چراغِ محفلِ رقص و سرود ہے بیگم

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

دکھائیں شب کو عَلیٰ رَغمِ حامیانِ حجاب
بناتِ نیل بناز و کرشمہ رقصِ شکم

چہار سُو ہے نگارانِ لالہ رُو کا ہجوم
بریدہ گیسو و بالا بلند و عنبر شم

جو بَل کی لیتے تھے نوکر ہوئے ہیں ہانجی کے
جو ہاں میں ہاں نہ ملائے، گنوائے اپنا بھرَم

ہمہ آنانِیَت و مُطلَقُ العنانِیَّت
نشاں صلیب کا گردن میں لب پہ ذکرِ صنم

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

ہیں لفظ ان کے لئے گویا آردوئے چنگیز
زُباں سے لیتے ہیں کارِ مُہنَّد و لَہذَم

سلام کی جگہ آداب عرض کہتے ہیں
خُوش آمدید کا نِعمُ البدَل بنا وَیلکم

کریں آریب کی باتیں کمینے قابوچی
ہے ان کے سامنے بس اپنا پیٹ ، اپنا کُٹم

مزاجِ اہلِ ہوس ہے بہیمی و سَبعی
اسیرِ ذوقِ طُعَم ، صیدِ رنگ و بوئے لُقَم ۴۲۰

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

نِلجّے ، مطلبی ، بِشنی ، وِلاسی ، رَسیا ، چَھیل
بدن پرست ، ہوس باختہ ، ذمیم شِیَم

تن اِرکھا سے جلے ، من کو جھانج آدمائے
قُماش و نُقرہ کا گھر میں لگا ہے گرچہ اٹم

نہ ہاں لابھ کی پروا ، نہ غم جَس آپجَس کا
نہیں ہے ان کے لُغَت میں تھکن ، تکان ، شَرم

بنا ہے شہ کا مُصاحب ، ہر ایک بل بَھکوا
بہ چشمِ جاہ ، بہ امیدِ مشرب و مَطعَم

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

ادب کا حصن ممنع ہے ملک بے ادباں
ہے کاروبارِ گلستاں ، حوالۂ آخشم

بجار ، آول جلول ، آول فول بکتے ہیں
ہیں شرم و خوف سے عاری ، اٹھائی گیرے ، بشم

ذوالاحتشام ہے بوجہلی و آبولہبی
نصیبِ مصطفوی ، نیشِ عقرب و آرقم

بشر کے بھیس میں پھرتے ہیں افعی و کژدم
شکارِ برّۂ معصوم کرتے ہیں ضیغم

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

بہ تیر جَست جھپٹتے ھیں فاختاؤں پر
فضا میں آڑتے ھُوئے ھَیثم و عُقاب و رَخم

وہ شاھزادۂ مَکیاولی کے ھوں احکام
کہ ارتھ شاسترِ چانکیہ مُنی کے نِیَم

بتا کے ملک و سیاست کو آلۂ تعذیب
بنائیں بندۂ آزاد کو عبیدِ دِرَم

ھے کد ھلال سے زُنّاری و صلیبی کو
ھے تال میل کلیسا و دَیر میں باھم

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

ہیں دونوں ہم قَدَح و ہم نورد و ہم سوگند
ہے ان میں قدرتی سمبندھ ، من لگن ، آ پَگَم

خدائے واحد و جَلّ جلالُہٗ کے خلاف
ہے کفر ملّتِ واحد ، مُخاصِم و مُغرَم

پیالہ زہر کا دیتے ہیں کہ کے آبِ حیات
ہے رام نام زباں پر ، بغل میں ایٹم بم

ہیں وضع قطع سے جوگی ، نیوگی اندر سے
کھِنچا ہے قشقہ ، لگا ہے تِلک ، بنا نا تم

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

زمانہ ساز، دَغل باز، افتّرا پرداز
لئیم کہتے ہیں وِشواس گھات کو سَنْیَم

سَحر پرست کو دے مکر چاندنی دھوکا
پچیت کے لئے تو سُودمند ہے وِبَھرَم

کُکَرْم چھوٹے نہ جب تک، چُھٹے نہ دل کا گرہن
ہزار جاپ کرے اوّم کا اگرچہ آوَم!

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

# بابِ پنجم

حقیقتاً وہی وحدت ہے جو ارادی ہے
ہے جو نتیجۂ حُبّ و وِفاق و وُدّ و کدَم ۲۳۰

ہے ہر نفس جَمَعَ اللہُ شَمْلَہُم کی دعا
کہ اِفتراق سے قومیں بنیں تَبُک، آ بھرَم

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

امامِ مُتّقیاں ، یا خُدا! بنا ہم کو
دل و زباں بھریں تیرا ہی دم ہے جب تک دم

ہے اعتبار پہ دار و مدارِ کارِ جہاں
یہی ہے فخر غلامانِ مصطفٰے ہیں ہم

یہی دعا ہے الٰہی! بنامِ پاکِ نبی
دیارِ پاک رہے دائماً خوش و خُرّم! ٭٭٭

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

صفحہ ۳۹ کا چوتھا مصرع یوں پڑھیں :

**آپار، آتھاہ ، آنَنْت ، ایک ، انیک ، وِشْواتَم**

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

# شاعر کی دوسری کتابیں

فار قلیط

سرودِ رفتہ

غزل الغزلات

دُوکانِ شیشہ گر

برگِ خزاں

ورقِ ناخواندہ

سلوی

گُلِ نغمہ

زنجیرِ رمِ آہو

کلکِ موج

دشتِ شام

کفِ دریا

ماتمِ یک شہرِ آرزو

زرِ داغِ دل

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس

طالب دعا ابوالمیزاب محمد اویس